سعودی عرب کا مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی کا استعمال

حج کی تاریخ میں مکہ مکرمہ میں 5361 میگاواٹ بجلی کے استعمال کا نیا ریکارڈ

مکہ مکرمہ (ایجنسیاں) سعودی عرب حج سیزن کے دوران مکہ میں ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے علاوہ رش میں کمی لانے کے لیے مصنوعی ذہانت اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہا ہے۔ عرب نیوز کے مطابق مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے ٹریفک کی ریئل ٹائم میں مانیٹرنگ اور سگنلز کے نظام کو چلاتے ہوئے سعودی عرب کا مقصد ہے کہ مکہ کی سڑکوں پر گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کے بہاؤ کو ہموار رکھا جائے اور رکاوٹوں میں کمی لائی جائے۔ وزارت داخلہ میں سکیورٹی کے ترجمان کرنل طلال بن عبدالمحسن الشلہوب نے عرب نیوز کو بتایا کہ اس حج سیزن کے لیے اے آئی ایپلیکیشنز کی متعدد درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں کیمروں کی سرویلنس کے لیے نئے ایلگو ریدم بھی شامل ہیں تاکہ شہر کی گلیوں میں موجود گاڑیوں کی تعداد کا اندازہ لگایا جا سکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی فراہم کی گئی ہے تاکہ گراؤنڈ پر موجود اہلکاروں کی مدد کی جائے اور اے آئی کو سسٹم کا حصہ بنایا جائے۔ 'سول دفاع اور سعودی ڈیٹا اور اے آئی اتھارٹی کے درمیان اشتراک کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مکہ میں ٹریفک کو مزید کنٹرول کرنے کے لیے اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہے ہیں۔' 'کیمرے، انٹیلیجنس سسٹم اور ساواہر پلیٹ فارم کی طرح کے ڈیٹا ڈیش بورڈز سے مزید سہولیات فراہم کر رہے ہیں تاکہ گاڑیوں اور عازمین کی شناخت کے علاوہ کسی بھی حصے میں خلاف ورزیوں کا پتہ لگانے میں مدد ملے۔' مانیٹرنگ میں بہتری اور رکاوٹوں میں کمی آنے سے مسافروں کے لیے بھی ٹرانسپورٹ کا تجربہ بہتر سے بہتر ہو رہا ہے۔ اس انیشیٹو کا تجربہ فی الحال ایک سو بسوں پر کیا جا رہا ہے تاکہ یہ اندازہ لگایا جا سکے کہ یہ کس حد تک مؤثر ہے۔ وزارت صحت بھی مقدس مقامات کے قریب واقع ہسپتالوں تک خون اور لیبارٹری کے نمونے پہنچانے کے لیے ڈرونز کا استعمال کررہی ہے تاکہ کم سے کم وقت میں ٹیسٹ کے نتائج فراہم کیے جاسکیں۔ روڈ کے ذریعے ڈیلوری کے مقابلے میں ڈرونز سے خون کے نمونے دو گھنٹے کے بجائے دو منٹ میں اپنی منزل تک پہنچائے جا سکتے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے 'انسیاب' کے نام سے بھی ایک انیشیٹو لانچ کیا ہے جو سب سے پہلے گزشتہ سال 2023 میں حج سیزن کے دوران متعارف کروایا گیا تھا جس میں اے آئی سے منسلک ڈرونز کا استعمال کیا گیا تھا تاکہ عازمین کی بسوں سے مقدس مقامات تک کا سفر ریئل ٹائم میں مانیٹر کیا جائے۔ حج سیزن میں ٹریفک کے رش سے نمٹنے کے لیے مائیکرو موبیلیٹی کا طریقہ کار بھی بروئے کار لایا گیا ہے جیسے الیکٹرک سکوٹرز کا استعمال جو مقدس مقامات پر موجود ہوں گے تاکہ نقل وحرکت کو آسان بنایا جائے۔ الیکٹرک اسکوٹرز کو مخصوص راستوں پر مختص کیا گیا ہے، تاکہ عازمین کیلئے سفر کو زیادہ مؤثر بنایا جائے اور زیادہ ٹریفک والے علاقوں میں رش کو کم کیا جا سکے۔ جن اہم راستوں پر الیکٹرک اسکوٹرز کا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ان میں عرفات سے مزدلفہ کی سرحد تک روٹ نمبر ون شامل ہے، جو 4 ہزار میٹر طویل ہے اور اس کے علاوہ 1200 میٹر طویل پیدا چلنے والوں کا راستہ ہے، جو جمرات میں داخل اور وہاں سے نکلنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ سعودی عرب نے اس سال حج کے دوران عازمین کیلئے پہلی بار خودکار فضائی ٹیکسی سروس کی سہولت متعارف کروائی ہے۔ سعودی عرب کی سرکاری نیوز ایجنسی واس کے مطابق خودکار فضائی ٹیکسی عازمین کو مقدس مقامات پر سفر کی سہولت مہیا کرنے کے علاوہ سامان کی فوری ترسیل اور ہنگامی حالت میں طبی خدمات کیلئے بھی استعمال کی جائے گی۔ اس فضائی ٹیکسی کا مقصد خاص طور پر ہنگامی صورتحال میں طبی ودیگر سامان کی نقل وحمل میں سہولت فراہم کرنا، انتہائی رش والے علاقوں میں مسافروں کی محدود وقت میں نقل وحمل کے ساتھ ساتھ فضائی نگرانی اور فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لینا ہے۔

دوسری جانب آج مکہ مکرمہ میں 5,361 میگاواٹ بجلی کا لوڈ ریکارڈ کیا گیا جو گذشتہ سال کے اسی دن 4,451 میگاواٹ تھا۔ اس سال بجلی کی کھپت میں پچھلے سال کی نسبت 20 فیصد اضافہ ہوا جس کے بعد یہ مقدار حج کی تاریخ میں ایک نیا ریکارڈ ہے۔ مقدس مقامات میں سعودی بجلی کمپنی کا آپریشن سینٹر مکہ مکرمہ، منیٰ، عرفات اور مزدلفہ میں تمام حج مقامات پر برقی خدمات کے نظام کو فعال کیا ہے۔ اس سال 1445 ہجری کے حج کے موسم میں مجاز حکام کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ بجلی کی سپلائی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ کمپنی کا باصلاحیت عملہ برقی خدمات کے کام کی اعلیٰ سطح پر نگرانی کرتا ہے اور سروس کو متاثر کرنے والی کسی بھی ہنگامی صورتحال کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ہنگامی دیکھ بھال کے کام کے علاوہ کسی بھی ضرورت سے زیادہ بوجھ کو برداشت کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔

'حج کے قیمتی لمحات فوٹو گرافی میں ضائع نہ کریں'

مکہ مکرمہ: سعودی وزارت حج وعمرہ نے عازمین کو ہدایت کی ہے کہ وہ حج کے قیمتی لمحات کو فوٹو گرافی میں ضائع نہ کریں۔ حج 2024 کے لیے مناسک حج کا آج سے آغاز ہوگیا ہے جب کہ حج کا رکن اعظم وقوف عرفات کل (ہفتہ) کو ادا کیا جائے گا۔ حج کے آغاز کے موقع پر سعودی وزارت حج وعمرہ نے عازمین حج سے کہا ہے کہ وہ حج کے قیمتی لمحات کو تصاویر، ویڈیوز بنانے اور فضول باتوں میں ضائع نہ کریں اور ان نادر لمحات میں اللہ کی رضا کے حصول کے لیے کوشاں رہیں اور دعاؤں کا خصوصی اہتمام کریں۔ وزارت حج وعمرہ نے اپنے ایکس (ٹوئٹر) اکاؤنٹ پر کہا ہے کہ مسجد الحرام میں زیادہ وقت عبادت میں گزاریں۔ اللہ سے رحم وکرم کی دعائیں نیز نماز وتسبیح کا اہتمام کریں کیونکہ یہ وقت سب سے اہم ہے۔ وزارت نے عازمین حج سے کہا کہ ان لمحات کی قدر کریں خانہ کعبہ میں اپنا قیمتی وقت دعائیں کرنے میں گزاریں۔ فوٹو اور ویڈیو گرافی میں مصروف ہو کر ان لمحات کو ضائع نہ کریں۔ واضح رہے کہ جب سے اسمارٹ فون انسانی زندگی میں وارد ہوا ہے۔ ہماری تمام مصروفیات حتیٰ کہ عبادات کے لمحات بھی سوشل میڈیا اور سیلفی ویڈیو کی نظر ہونے لگے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں سے یہ رجحان خاصا بڑھا ہے کہ لوگ حج وعمرہ کی ادائیگی کے لیے حجاز مقدس جاتے ہیں اور وہاں سے پل پل کی تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کرتے ہیں جس کو مذہبی طبقے کے علاوہ سنجیدہ حلقوں میں بھی تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

یو اے ای: عیدالاضحیٰ پر 1824 قیدیوں کی رہائی کا حکم

ابوظہبی (یو این آئی) عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر متحدہ عرب امارات کے صدر اور نائب صدر کی جانب سے 1824 قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا گیا ہے۔ عیدین اسلام میں خوشی کے وہ تہوار ہیں جب اسلامی ممالک میں جیلوں میں معمولی جرائم میں قید قیدیوں کو رہائی کے پروانے دیے جاتے ہیں۔ امسال عیدالاضحیٰ کے موقع پر یو اے ای میں بھی حکومت کی جانب سے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ الامارات الیوم کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے عیدالاضحیٰ کے مبارک موقع پر اصلاحی مرکز میں 1138 قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا ہے۔ دوسری جانب امارات کے نائب صدر اور دبئی کے حکمراں شیخ محمد بن راشد آل مکتوم نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر دبئی کے اصلاحی مرکز میں قید مختلف قومیتوں کے 686 قیدی رہا کیے جائیں۔ دبئی کے اٹارنی جنرل نے کہا ہے کہ قیدیوں کی رہائی کے حکم پر عمل درآمد کے لیے دبئی پولیس جنرل کمانڈ سے رابطہ کرلیا گیا ہے۔

مالی: سونے کی کان گرنے سے 70 افراد زندگی کی بازی ہار گئے

بماکو (یو این آئی) مغربی افریقی ملک مالی میں سونے کی کان دھنس گئی، جس کے نتیجے میں 70 سے زائد افراد زندگی کی بازی ہار گئے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مالی کے جنوب مغرب میں واقع سونے کی ایک کان گزشتہ روز دھنس گئی تھی۔ سونے کی کانوں میں اسکے طرح کے حادثات معمول بن چکے ہیں۔ مقامی حکام نے غیر ملکی خبر ایجنسی کے ساتھ گفتگو کے دوران ہلاکتوں کی تصدیق کردی ہے۔ جس وقت یہ سانحہ پیش آیا اس وقت کان میں 200 سے زیادہ افراد موجود تھے۔ اس سے قبل وینزویلا میں غیر قانونی سونے کی کان گرنے سے 23 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی امریکہ کے ملک وینزویلا کی ریاست بولیور کے جنگل میں قائم بولا لوکا نامی سونے کی کان گرگئی تھی۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق کان گرنے کا واقعہ منگل کے روز پیش آیا، اُس وقت تقریباً 200 کے قریب لوگ موجود تھے۔

سوئٹزرلینڈ میں دھماکہ، 2 افراد ہلاک

برلن (ایجنسیاں) شمالی سوئٹزرلینڈ میں جمعہ کو ایک اپارٹمنٹ میں زوردار دھماکہ ہوا جس سے لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ دھماکہ اپارٹمنٹ کی زیر زمین پارکنگ میں واقع گیراج میں ہوا۔ دھماکا اتنا زوردار تھا کہ دو افراد جاں بحق اور 11 زخمی ہوگئے۔ سوئس پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دھماکے کے بعد اپارٹمنٹ سے دھویں کے بادل اٹھے جو دور سے دکھائی دے رہے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ دھماکہ اتنا زوردار تھا کہ اس کی آواز شہر کے باہر بھی سنی گئی۔ پولیس کا یہ بھی کہنا تھا کہ آگ اپارٹمنٹ کی کئی منزلوں تک پھیل گئی تھی تاہم عمارت کو بروقت خالی کرالیا گیا۔

یونان: 4 ہزار سال پرانی عمارت دریافت

ایتھنس (ایجنسیاں) یونان میں 4 ہزار سال پرانی پتھروں سے بنی پراسرار عمارت دریافت کی گئی ہے جس نے ماہرین کے ذہنوں کو الجھا دیا ہے۔ یونان کی وزارت ثقافت کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ اس عمارت کو سیاحتی جزیرے کریٹ میں ایک پہاڑی کے اوپر دریافت کی گئی۔ بیان کے مطابق یہ بہت دلچسپ دریافت ہے اور یہ عمارت کریٹ کی مینوسی تہذیب سے تعلق رکھتی ہے۔

مختصر خبریں

معمر ترین عازم حج: الجزائر کی 130 سالہ خاتون کی آمد

130 سالہ سارہ ہدیٰ کا ایئرپورٹ پر پُرپاک استقبال

الجزائر سٹی (ایجنسیاں) الجزائر سے 130 سالہ خاتون فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے مکہ مکرمہ پہنچ گئیں جہاں ایئرلائن اور ایئرپورٹ انتظامیہ نے ان کا پُرتپاک استقبال کیا۔ عرب میڈیا کے مطابق 130 سالہ سارہ ہدیٰ کا ایئرپورٹ پر اعلیٰ حکام نے خیر مقدم کیا اور معمر ترین حاجی ہونے پر تحائف بھی پیش کیے۔ اس موقع پر سارہ ہدیٰ بہت خوش نظر آ رہی تھیں اور اپنے استقبال کے لیے آنے والوں کا شکریہ بھی ادا کیا۔ مختصر گفتگو میں اُن کا کہنا تھا کہ اللہ کے گھر پہنچ کر مسرت محسوس کر رہی ہوں۔ خوش قسمت سارہ ہدیٰ نے مزید کہا کہ میری خواہش تھی کہ ہمیشہ کے لیے آنکھیں بند ہونے سے پہلے ان آنکھوں سے خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کا دیدار کروں۔ واضح رہے کہ رواں برس دنیا بھر سے ریکارڈ تعداد میں حاجی مکہ مکرمہ پہنچے ہیں۔ آج سے مناسک حج کا آغاز ہوگیا جب کہ کل یوم عرفہ ہے۔

فلسطینیوں میں مسلح جدوجہد کی حمایت میں اضافہ

یروشلم (یو این آئی) مسلح جدوجہد کے لیے فلسطینیوں کی حمایت میں اضافہ ہوا ہے۔ پچھلے 3 مہینوں میں رائے عامہ کے ایک جائزے کے مطابق فلسطینیوں میں اسرائیلی قبضے کو ختم کرنے اور ریاستی حیثیت کے حصول کے بہترین ذریعہ کے طور پر مسلح جدوجہد کی حمایت میں اضافہ ہوا ہے۔ فلسطین سینٹر فار پالیسی اینڈ سروے ریسرچ (پی ایس آر) کے سروے میں مسلح جدوجہد کی حمایت آٹھ فیصد پوائنٹس سے بڑھ کر مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی میں سروے کرنے والوں میں سے 54 فیصد تک پہنچ گئی۔ حماس کی حمایت چھ فیصد بڑھ کر 40 فیصد ہوگئی۔ صدر محمود عباس کی قیادت میں الفتح کو 20 فیصد حمایت حاصل تھی۔ یہ پولنگ اکتوبر میں غزہ جنگ کے آغاز کے تقریباً آٹھ ماہ بعد کرائی گئی تھی۔ پی ایس آر میں سروے ریسرچ یونٹ کے سربراہ ولید لدادوہ نے کہا کہ حماس اور مسلح کارروائیوں کی حمایت میں اضافہ غزہ میں اسرائیل کی تباہی اور قتل عام کا ردعمل ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ رائے شماری سے عباس کی قیادت میں رام اللہ میں قائم فلسطینی اتھارٹی کے خلاف عدم اطمینان کا اظہار ہوتا ہے، جو طویل عرصے سے اسرائیل کے ساتھ مل کر فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے بات چیت کرنے کی کوشش کررہی ہے اور مسلح جدوجہد کو مسترد کرتی ہے۔

غزہ جنگ بندی کی کوششوں کے باوجود اسرائیل کا رفح پر حملہ

غزہ (یو این آئی) غزہ جنگ بندی کی کوششوں کے باوجود اسرائیل کی جانب سے رفح پر ہیلی کاپٹر، لڑاکا طیاروں اور ڈرونز سے حملے جاری ہیں۔ فلسطینی مزاحمت کاروں سے رفح کی سڑکوں پر شدید جھڑپیں بھی جاری ہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر نے کہا ہے کہ جنگ بندی جلد ہونے کا امکان نہیں ہے لیکن وہ ناامید نہیں ہیں۔ اسرائیلی فوج لبنان کی سرحد پر قرون وسطیٰ دور کے ہتھیاروں کا استعمال کرنے لگی۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان میں جھاڑیاں جلانے کے لیے منجنیق سے آگ کے گولے پھینکے۔ اس کے علاوہ اسرائیلی شہریوں نے فوج پر شدید تنقید کی اور کہا کہ یقین ہوگیا اسرائیلی فورسز شکست سے دوچار ہوچکی ہیں۔ ادھر حزب اللہ نے راکٹ حملے میں اسرائیلی فوجی بکتر بند تباہ کردی

فلسطینیوں کے حصے کی رقم اسرائیلیوں پر خرچ کرنا غیر مناسب اقدام: امریکی ترجمان

واشنگٹن۔ (ایجنسیاں) امریکہ نے اسرائیلی وزیر خزانہ بذالیل سموٹریچ کی طرف سے فلسطینی اتھارٹی کے محصولات اسرائیلی خاندانوں میں تقسیم کرنے کے اعلان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے یہ ایک غلط اقدام ہے۔ واضح رہے اسرائیل نے فلسطینی اتھارٹی کی ٹیکسوں کی مد میں ہونے والی آمدنی کی اتھارٹی کو ترسیل پچھلے سال سے روک رکھی ہے۔ یہ رقم 35 ملین ڈالر ہو چکی ہے جو فلسطینیوں اور فلسطینی اتھارٹی کا حق ہے مگر اسرائیلی حکومت نے ضبط کرلیا۔ اب اعلان کیا ہے کہ اسرائیل یہ رقم فلسطینیوں کے حوالے کرنے کے بجائے ان یہودی خاندانوں میں تقسیم کرنے کا اعلان کیا ہے جو وزیر خزانہ کے بقول دہشت گردی کا نشانہ بنے ہیں۔ حالانکہ یہ رقم 1990 کی دہائی میں ہونے والے اوسلو معاہدے کے مطابق اسرائیل کو پابند بنایا گیا ہے کہ وہ فلسطینیوں کے محصولات سے ملنے والی فلسطینیوں کا حق ہے اور اوسلو معاہدے کے تحت اسرائیل کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ یہ رقم فلسطینیوں کو ہی دے گا۔ امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا ہے وزیر خزانہ سموٹریچ کا یہ اقدام ہے۔ ہم نے بڑے واضح انداز میں کہہ دیا ہے کہ یہ فنڈز فلسطینیوں کے ہیں۔' میتھیو ملر اخبار نویسوں سے بات کر رہے تھے۔ امریکی ترجمان نے کہا' فلسطینیوں کے یہ فنڈ زرو کے جائیں نہ ان فنڈز کی ترسیل معرض التوا میں رکھی جائے۔

اسرائیلی فوجیوں کی رفح میں مسجد کی بے حرمتی

اسرائیلی فوجیوں نے مسجد کو باورچی خانہ اور ڈائننگ ہال میں تبدیل کیا

غزہ (ایجنسیاں) رفح میں اسرائیلی سیکورٹی فورسز نے ایک مسجد کو فوجی چوکی میں شامل کرکے باورچی خانہ اور ڈائننگ ہال کے طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ مسجد کے اندر کھانے پینے کی اشیا بکھری ہوئی ہیں اور کچھ اہلکار کھانا بھی کھا رہے ہیں۔ مسجد کو فوجی چوکی کے ریسٹوران میں تبدیل کرنے کے لیے اس کی ساخت اور انفرااسٹرکچر کو تبدیل کیا گیا۔ ویڈیو میں ایک اسرائیلی فوجی کو ہنستے ہوئے باتیں کرتے اور ویڈیو بناتے ہوئے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ مسجد کی اس بے حرمتی پر فلسطینیوں سمیت پوری دنیا کے مسلمان غم زدہ ہوگئے۔ سوشل میڈیا صارفین نے ویڈیو کے کمنٹس میں اپنے غم وغصے کا اظہار کیا اور اسے دہشت گردی قرار دیا۔ یاد رہے کہ رفح کے مغربی علاقے میں اسرائیلی فوجیوں کی پیش قدمی جاری ہے۔ اسرائیلی ٹینکوں نے فضائی، زمینی اور سمندری راستوں سے شدید بمباری کی۔ جس کے باعث سیکڑوں پناہ گزین جانیں بچانے کے لیے اپنے گھروں اور خیموں کو چھوڑ کر دوسرے محفوظ مقامات پر منتقل ہوگئے۔

جی-7 ممالک کا یوکرینی حمایت کیلئے 50 ارب ڈالر کے معاہدہ پر اتفاق

میڈرڈ (یو این آئی)

گروپ آف سیون جی-7 کی بڑی جمہوریتوں کے رہنماؤں نے ایک آؤٹ لائن ڈیل پر اتفاق کیا ہے جس کے تحت ماسکو کے 2022 میں اپنے پڑوسی پر حملہ شروع کرنے کے بعد منجمد روسی خودمختار اثاثوں سے حاصل سود کا استعمال کرتے ہوئے یوکرین کو 50 ارب ڈالر کا قرضہ فراہم کیا جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یہ سیاسی معاہدہ جنوبی اٹلی میں 'جی 7' رہنماؤں کے سالانہ سربراہی اجلاس کے افتتاحی دن کا مرکز تھا، جس میں یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے مسلسل دوسرے سال شرکت کی۔ یوکرینی صدر جمعرات کو امریکی صدر جو بائیڈن کے ساتھ ساتھ 'جی 7' کے ساتھی رکن جاپان کے ساتھ نئے طویل مدتی سیکیورٹی معاہدوں پر دستخط کریں گے۔ 'جی 7' ممالک کے کئی رہنما اندرون ملک جدوجہد کر رہے ہیں لیکن عالمی سطح پر تبدیلی لانے کے لیے پرعزم ہیں، کیونکہ وہ چین کے معاشی عزائم کا مقابلہ کرنے کی کوشش میں بھی مصروف ہیں۔ اطالوی وزیر اعظم جارجیا میلونی نے پگلیا کے جنوبی علاقے میں قائم لگژری ہوٹل کے ریزورٹ میں شروع ہونے والے اجلاس میں اپنے 'جی 7' مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 'بہت کام کرنا باقی ہے'، لیکن مجھے یقین ہے کہ ان دو دنوں میں، ہم ایسی بات چیت کرنے کے قابل ہوں گے جو ٹھوس اور قابل پیمائش نتائج کا باعث بنے گی۔ یوکرین کے لیے جی 7 کا منصوبہ کئی سالہ قرض پر مبنی ہے جس میں تقریباً 300 ارب ڈالر کے روسی فنڈز کے منافع کا استعمال کیا گیا ہے۔ جی 7 کے سفارتی ذرائع نے رائٹرز کو بتایا کہ تکنیکی تفصیلات کو آنے والے ہفتوں میں حتمی شکل دی جائے گی۔ ذرائع نے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ اضافی فنڈنگ اس سال کے آخر تک پہنچ جائے گی۔ ایک سینئر امریکی اہلکار نے کہا کہ امریکہ نے خود 50 ارب ڈالر تک فراہم کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے، لیکن اس رقم میں نمایاں کمی ہوسکتی ہے کیونکہ دوسرے ممالک نے اپنی شرکت کا اعلان کیا ہے۔ گفتگو سے واقف ایک عہدیدار نے کہا کہ اس معاہدے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ یہ برسوں تک چل سکے قطع نظر اس کے کہ ہر جی 7 ریاست میں کون اقتدار میں ہے، یہ ان خدشات کی طرف اشارہ ہے کہ امریکی ریپبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ اگر نومبر میں جو بائیڈن کو ہرا دیتے ہیں تو وہ کیف سے بہت کم ہمدردی رکھتے ہیں۔ جارجیا میلونی گزشتہ ہفتے کے آخر میں یورپی انتخابات میں فتح حاصل کرنے کے بعد مقبولیت کی بلندی پر ہیں، لیکن دیگر چھ ممالک امریکہ، جاپان، فرانس، جرمنی، برطانیہ اور کینیڈا کے رہنماؤں کو بڑی اندرونی پریشانیوں کا سامنا ہے جس سے ان کا اختیار کمزور پڑنے کا خطرہ ہے۔

سربراہی اجلاس کے بعد جاری ہونے والے مسودے کے اعلامیے کے مطابق جی 7 رہنماؤں نے اسرائیل۔ لبنان کی سرحد پر صورتحال کے بارے میں بھی اپنے خدشات کا اظہار کیا اور غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے لیے امریکی کوششوں کی توثیق کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے اسرائیل سے مطالبہ کیا کہ وہ 'بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے مطابق' جنوبی غزہ کے شہر رفح میں بڑے حملے سے باز رہے۔ سفارت کاروں نے کہا کہ مغربی ممالک چین کی صنعتی گنجائش پر اپنی تشویش پر بھی متفق ہیں، جو ان کے بقول عالمی منڈیوں کو مسخ کر رہی ہے، جبکہ ان کا عزم افریقی ریاستوں کو اپنی معیشتوں کو ترقی دینے میں مدد فراہم کرنے کا بھی ہے۔

افغانستان میں چائلڈ لیبر کی شرح میں تشویشناک حد تک اضافہ

کابل (یو این آئی) افغانستان میں چائلڈ لیبر کی شرح میں سنگین حد تک اضافہ ہوگیا۔ 2021 میں افغانستان پر طالبان کے قبضے کے بعد سے سیاہ ترین باب کا آغاز ہوا، طالبان کی ناقص پالیسیوں، جنگ اور غربت کے باعث افغانستان میں چائلڈ لیبر کی شرح میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے، 12 جون کو دنیا بھر میں چائلڈ لیبر کے خلاف عالمی دن منایا گیا۔ چائلڈ لیبر کے عالمی دن پر اقوام متحدہ دفتر برائے انسانی امور کی خصوصی رپورٹ پیش کی گئی رپورٹ میں تمام ممالک میں چائلڈ لیبر کے اعداد وشمار بتائے گئے۔ رپورٹ میں افغانستان میں چائلڈ لیبر کی شرح کو سنگین ترین قرار دیا گیا اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق 19 فیصد افغان بچے چائلڈ لیبر میں ملوث ہیں، اوسی ایچ اے افغانستان میں بچوں کی موجودہ صورتحال مستقبل کے لیے انتہائی خطرناک ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے طالبان پر زور دیا گیا کہ وہ چائلڈ لیبر کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات کریں اقوام متحدہ کی جانب سے طالبان سے مطالبہ کیا گیا کہ چائلڈ لیبر میں ملوث بچوں کے خاندانوں کی کفالت کی جائے۔ بین الاقوامی تنظیم سیودی چلڈرن کے مطابق گزشتہ برس کے مقابلے میں رواں سال افغانستان میں چائلڈ لیبر کی شرح میں 38 فیصد اضافہ ہوا ہے، طالبان نے بچوں کی آزادی اور بچپن کو چھین کر ان کو اپنے حقوق سے محروم کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق طالبان کے دور میں اسکول سے باہر بچوں کی تعداد میں بڑا اضافہ ہوا اور معاشی حالات کی وجہ سے بچے کام کرنے پر مجبور ہوگئے، افغانستان میں لاتعداد بچے اینٹوں کی تیاری، قالین کی بُنائی، تعمیرات، کان کنی اور کھیتی باری کا کام کر رہے ہیں اسکے علاوہ بڑی تعداد میں بچے سڑکوں پر بھیک مانگ رہے یا کچرا جمع کر رہے ہیں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر کب تک طالبان اپنی ناقص حکمرانی سے افغانستان کے مستقبل کو گہری تاریکیوں میں دھکیلتے رہیں گے؟۔

طالبان حکومت خواتین کی تعلیم پر عائد پابندیاں ختم کرے: اقوام متحدہ

کابل (ایجنسیاں) افغانستان میں اقوام متحدہ کے امدادی مشن (یو این اے ایم اے) کے سربراہ مالک سیزرے نے طالبان حکومت سے لڑکیوں کی تعلیم اور خواتین کی ملازمتوں پر عائد پابندیوں کو نرم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسلام ا?باد میں سینٹر فار ریسرچ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CRSS) کے زیر اہتمام پاک افغان مذہبی اسکالرز کے چوتھے دور سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے مشن کے سربراہ نے طالبان کی جانب سے افغان خواتین کو پاسپورٹ، امیگریشن، صحت کی دیکھ بھال اور زراعت کے سرکاری شعبوں میں ملازمتوں کی اجازت دینے کو خوش آئند کہا ہے۔ تاہم اقوام متحدہ کے مشن کے سربراہ نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ دیگر سرکاری شعبوں اور نجی دفاتر میں بھی خواتین کی ملازمتوں پر عائد پابندیوں کو ختم کیا جائے۔ اسی طرح لڑکیوں کے سیکنڈری اسکولوں پر پابندی بھی اُٹھائی جائے۔ یو این اے ایم اے کے سربراہ نے کہا کہ اسلام نے خواتین کی تعلیم پر پابندی عائد نہیں کی اور نہ اسلام خواتین کو ملازمتوں پر جانے سے روکتا ہے۔ واضح رہے کہ طالبان کے افغانستان میں اگست 2021 سے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے تاحال لڑکیوں کے سیکنڈری اسکول بند اور خواتین کے ملازمتوں پر پابندی عائد ہے۔

حماس جنگ بندی منصوبے پر عمل درآمد میں سب سے بڑی رکاوٹ: بائیڈن



واشنگٹن (ایجنسیاں)

امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ انہوں نے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے پر پہنچنے کی امید نہیں کھوئی ہے۔ لیکن انہوں نے فلسطینی تحریک حماس سے معاہدے کے لیے کوششیں تیز کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ جب بائیڈن سے پوچھا گیا کہ کیا انہیں یقین ہے کہ حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ جلد طے پا جائے گا تو انہوں نے جواب دیا۔ نہیں میں نے امید نہیں ہاری لیکن یہ مشکل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا حماس کو کارروائی کرنی چاہیے۔ بعد ازاں بائیڈن نے کہا حماس تحریک جنگ بندی کے منصوبے پر عمل درآمد اور غزہ میں قیدیوں کی رہائی میں اب تک سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ بائیڈن نے جی سیون سربراہی اجلاس میں صحافیوں کو بتایا کہ میں نے ایک تجویز پیش کی تھی جسے سلامتی کونسل، جی سیون اور اسرائیلیوں نے منظور کرلیا تھا اور اب تک کی سب سے بڑی رکاوٹ حماس ہے جو ملتی جلتی تجویز کے باوجود دستخط کرنے سے انکاری ہے۔ یہ بات ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا تھا کہ امریکہ نے ابھی تک اسرائیل کو رفح شہر میں ایک بڑی فوجی کارروائی شروع کرتے ہوئے نہیں دیکھا ہے۔ انہوں نے صحافیوں کو ایک بیان میں مزید کہا کہ رفح میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں غزہ میں کسی اور جگہ کی جانے والی کارروائیوں کے سائز یا دائرہ کار جیسی نہیں تھیں۔ یہ ایک زیادہ محدود عمل ہے۔

قیدیوں کے 'منصفانہ' معاہدے پر مذاکرات کیلئے تیار: حماس

غزہ (ایجنسیاں) فلسطینی مزاحمتی تحریک 'حماس' کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے امریکی نشریاتی ادارے 'سی این این' کو انٹرویو میں اس رائے کا اظہار کیا ہے ''کہ تنظیم کے پاس موجود 120 اسرائیلی یرغمالیوں کی قسمت کے بارے میں کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔'' ان کے مستقبل کا معاملہ اسرائیل کے ساتھ کسی بھی ممکنہ معاہدے کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ حماس نے رہائی کے معاہدے کے بدلے غزہ کی پٹی میں مستقل فائر بندی کے بعد اسرائیلی فوج کے علاقے سے انخلا کا مطالبہ کیا ہے۔ لبنان میں حماس کے سینئیر رہنما اسامہ حمدان نے 'سی این این' کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ معاہدے کی حالیہ پیش کش جنگ بندی خاتمے کے لیے حماس کے مطالبات سے ہم آہنگ نہیں تھی۔ اسامہ حمدان نے گذشتہ مہینے اعلان کردہ پیشکش کو اسرائیلی منصوبہ قرار دیا ہے۔ حماس، بقول اسامہ حمدان، سیز فائر کے بارے میں واضح اسرائیلی موقف چاہتی ہے۔ نیز غزہ سے مکمل انخلا کے بعد فلسطینیوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا اختیار بھی حماس کے مطالبے میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قیدیوں کے تبادلے کے لیے ہم کسی بھی فیئر ڈیل پر بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ معاہدے تک پہنچنے میں مدد فراہم کرنے والے ثالث ملکوں مصر، امریکہ اور قطر کے مذاکرات جاری ہیں، اسی اثنا میں حماس کے ایک ذریعے نے 'العربیہ' اور 'الحدث' کو بتایا کہ بال اب اسرائیلی کورٹ میں ہے کیونکہ اسرائیل کو ہمارا جواب ثالثوں کے ذریعے بھجوایا جا چکا ہے۔ حماس اور اسلامی جہاد کے مشترکہ وفد نے معاہدے میں ثالثی کا کردار ادا کرنے والے ملک قطر کو اپنا جواب قطری وزیر اعظم محمد بن عبدالرحمٰن آل ثانی سے ملاقات میں پیش کیا ہے، اس پیغام سے متعلق مصر کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے۔ حماس کے ذرائع نے بتایا ہے'' کہ تنظیم کو پیش کیے جانے والے مجوزہ امریکی منصوبے میں پائیدار سیز فائر کا ذکر شامل نہیں اور نہ ہی غزہ کی پٹی سے اسرائیلی انخلا سے متعلق دفعہ اس میں شامل ہے۔'' مزید معاہدے کے تین مراحل کے درمیان کسی ٹائم ٹیبل کا ذکر بھی مفقود ہے۔ پہلا مرحلہ 42 روزہ فائر بندی پر مشتمل ہوگا اور اس میں کئی قیدیوں کا تبادلہ ہوگا۔ نیز دشمن غزہ کی پٹی کے کچھ علاقوں سے بھی نکل جائے گا۔ اس کے بعد دوسرے مرحلے کا آغاز ہوگا جس میں دشمنی کا مستقل خاتمہ اور غزہ کی پٹی سے اسرائیل کا مکمل انخلا عمل میں آئے گا۔'' حماس کے ذرائع کے مطابق سیز فائر کے پہلے مرحلے میں اٹھارہ سال سے کم اور پچاس برس سے بڑی عمر کے 33 اسرائیلی یرغمالی، زندہ یا مردہ، کو رہا کیا جائے گا۔ ہر اسرائیلی قیدی کے بدلے میں دس [10] فلسطینی قیدی رہا ہوں گے۔ اسرائیل سے شائع ہونے والے عبرانی اخبار 'یدیعوت احرونوت' کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق یرغمالیوں کی رہائی کے بارے میں حماس کے جواب سے اسرائیلی حلقوں میں مایوسی پھیل رہی ہے اور تنظیم کے جواب کو انتہائی 'بے لچک' پیشکش قرار دے رہے ہیں۔

'جیوری کے فیصلے کا احترام، بیٹے کی سزا معاف یا کم نہیں کروں گا'

واشنگٹن (ایجنسیاں) امریکہ کے صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ وہ بیٹے ہنٹر بائیڈن کے کیس میں اپنا اختیار استعمال کرتے ہوئے سزا معاف یا کم نہیں کریں گے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق اٹلی میں جی-7 سربراہی کانفرنس کے موقع پر صحافیوں نے جو بائیڈن سے سوال کیا کہ کیا وہ اپنا صدارتی اختیار استعمال کرتے ہوئے 54 سالہ بیٹے ہنٹر بائیڈن کی سزا کم کریں گے۔ جو بائیڈن نے کہا مجھے اپنے بیٹے ہنٹر پر بہت زیادہ فخر ہے۔ اس نے نشے کی عادت پر قابو پایا۔ وہ ایک انتہائی ہوشیار اور مہذب انسان ہیں۔' بائیڈن نے مزید کہا کہ وہ عدالت کے فیصلے کا احترام کریں گے اور معافی نہیں دیں گے۔ یہ امریکی تاریخ میں مجرمانہ کارروائی کا پہلا کیس ہے جب ملک کے صدر کے بیٹے کو عدالت نے سزا سنائی ہے۔

اسرائیلی فوج کے ہاتھوں مقبوضہ مغربی کنارے میں مزید 3 شہید، متعدد گرفتار

مقبوضہ مغربی کنارا (ایجنسیاں) اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے کارروائی کر کے 3 فلسطینیوں کو ہلاک جبکہ کئی کو حراست میں لے لیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے اس واقعے کو ایک معمول کا چھاپہ قرار دیا ہے۔ جمعرات کے روز کی جانے والی یہ کارروائی قبطیہ نامی علاقے میں کی ہے۔ مقبوضہ مغربی کنارے کے علاقے پر اسرائیل نے 1967 سے قبضہ کر رکھا ہے۔ فلسطینی اپنی آزاد ریاست کے قیام کے لیے اس علاقے کو آزاد دیکھنے کے لیے کوشاں ہیں۔ تاہم اسرائیل نے اسی مقبوضہ علاقے میں ناجائز یہودی بستیوں کی تعمیر مسلسل جاری رکھی ہوئی ہے۔ سات اکتوبر کے بعد سے اسرائیلی فوج نے مغربی کنارے میں بھی فلسطینیوں کی نسل کشی تیز کر رکھی ہے۔ اسرائیلی فوج نے اس واقعے میں ہلاک کیے گئے فلسطینیوں کو عسکریت پسند قرار دیا ہے۔ اور کہا ہے کہ دو ہلاک کیے گئے افراد کے ہاتھ میں بندوقیں تھیں۔ جن کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس دوران تین فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ عینی شاہدوں کے مطابق ان کی لاشیں اسرائیلی فوج بکتر بند بلڈوزر کی مدد سے باہر لائی۔